ہمت مین بین نہ مانیکی وہ یادگار تھی
بی شبہ مایۂ شرف و افتخار تھے

مشتاق اونکی دید کی رہتی تھی یکجہاں
کب ہو سکے وہ حسن خداداد کا بیان

پھر حسب خواہش ملک ایزد غفور
عفت کی جسکی دہر مین شہرت تھی دور دور
عقد اونکا آمنہ سی ہوا باہمہ سرور
منہ پر وہ نور جس سی کہ شرمندہ ہووے حور

عصمت کا دبدبہ تھا طبیعت مین اسقدر
چشم فلک نے دیکھا نہ ایسا کوئی بشر

پھر عبد اللہ کی صلب سے وہ نور باضیا
کون و مکان مین غیب سے ہاتف نے کی ندا
جب جسم پاک آمنہ مین منتقل ہوا
لو ماں کے پیٹ مین گئی سالار انبیا

تھی بارہوین جمادی دوم کے ماہ کی
جمعے کی رات تھی وہ بہت عز و جاہ کی

آراستہ بہشت ہوئے حکم حق سی سب
جمع ملک فلک پہ تھی صف بستہ باادب
غلمان و حور کرنی لگی ہر طرف طرب
دلمین سرور صل علی احمد بلب

قدسیون کا عرش پہ تھا ہر طرف ہجوم

صلو او سلمو کی دہان پہ مچی تھی دہوم

جبریل نے بحکم خداوند کبریا
خلد بریں سے ایک علم سبز لیگیا
بطحا مین جا کے کعبے پر اوسکو نصب کیا
پھر اس طرح کی کون و مکان مین دیا ندا

اہل جہان تمہارا مبارک نصیب ہے
لو اب ظہور سرور عالم قریب ہے

یعنے وہ نور احمد مختار کائنات
ذی معجزات و باعث تکوین ممکنات
داخل ہوا ہے باہمہ آیات بینات
وہ رحم پاک آمنہ مین آج کی ہے رات

اب درمیان مین مدت تسعہ شہور ہے
من بعد اوس شفیع امم کا ظہور ہے

ہر جا ہے ہر طرف یہ خبر مشتہر ہوئی
اہل جہانکو حد سے زیادہ ہوئی خوشی
تھین بیبیان وہ وقت مین جتنی حرم کی
ہر ہر کے دل مین آگ حسد کی بھڑک گئی

دو سو تک اونمین بیابان غمسی مرگئین
اس رنج مین ہی جان سی وہ اپنی گذرگئین

کہتی تھین عبد اللہ سی ہوتا جو ازدواج
ہوتی ہمین یہ تہنیت و فرحت وہ ابتہاج
ہوتا ہمارے رحم مین داخل یہ نور آج
اس درد دل کا مرگ سوا نہین علاج

نعمت یہ آمنہ کی تھی الحق نصیب کی
لو مان بنی وہ آج خدا کی حبیب کی

رحمت سی اس رات حق نی بہت خلق پر کیا
تب ہاتف سرور ہر اک نی یہی کہا
جتنی تہی بیریان سبہونکو زبان دیا
لو اب ظہور پائیگا وہ شاہ انبیا

فردوس جسکی واسطی اک سیرگاہ ہی
مختار دو جہان کی وہ عالم پناہ ہی

بت جتنی تھی زمانہ مین سب اوندہی گر گئی
کافر یہ دیکہہ تار تعصب مین جل مری

اوس رات سب جہان مین مکانون سی پھر — سوکھی تھی جتنے جھاڑ وہ سب ہو گئی ہری

نقصانِ قحط دہر سی تب دفع ہو گیا
یعنے نکال کال کا سب رفع ہو گیا

جب آمنہ پہ ایک مہینا گیا گذر — تب آئے اوسکے خواب مین حضرت ابو البشر
فرمائی یون کہ جان پدر کچھ نہ خوف کر — حاشا تجھے نہین ہی کسی خوف کا خطر

گو ظاہراً مین جد ہون مین سبکی نسل ہی
پر باطناً فروع ہین سب اور یہ اصل ہی

ایسا ہی ہر مہینے مین آتے رہی نبی — رؤیا مین آمنہ کو جتاتے تھے بس یہی
تا آمنہ پہ خوف نہ ہووے کہین قوی — ماہ نہم کی ایسے مین نوبت پہنچ گئی

لو پھر تو معجزات کا ہر دم ظہور تھا
آیات بینات کا ہر دم ظہور تھا

جب آمنہ پہ ماہ نہم بھی گیا گذر
تھی بارہوین ربیع نخستین کی جلوہ گر
ظاہر ہوئے پھر اوسپہ ولادت کے سب اثر
اور رات پیر کی تھی بصد زیب و کر و فر

انوار کی تجلی ہے ہیم زمین پہ تھی
حسرت سب آسمانون کو اوس دم زمین پہ تھی

جبریل نے بحکم خداوند ذوالمنن
ہوتی ہین اب زمانے مین پیدا شہ زمن
کون و مکان مین کر دیا مشہور یہ سخن
بزم جہان مین جشن کی ہو جا ہو انجمن

میلاد ہے یہ جسکی وہ سبکا شفیع ہے
اوسکا جو ہے مطیع خدا کا مطیع ہے

اوسکے لئے خدا نے کیا خلق دو جہان
پیدا ہوئے ہین اوسکے لئے کون اور مکان
اوسکے لئے خدا نے کیا خلق انس و جان
افلاک اور زمین و زمان سب عیان نہان

یہ وہ ثمر ہے جسکا شجر ہے ابو البشر

مقصد تو باغبان حقیقی ہے یہ شعر

رضوان نے پھر بحکم خداوند کبریا
آراستہ بہشت کو سب طرح سے کیا

غلمان و حور رقص لگے کرنے جابجا
تسنیم کی وہ موج وہ طوبیٰ کی خوش ہوا

سبزی کی وہ بہار تھی عالم وہ نور کا
ہر جا ہے دور جام شراب طہور کا

قدوسیوں کا عرش پہ مجمع تھا ہر طرف
سبوحیوں کی جوق تھی استادہ صف بصف

صلواۃ تھی زبانوں پہ تسبیح زیب کف
چہروں پہ نور ضبح سے سیکی عیان شرف

لب پر سبھوں کی فرط تعشق سے آہ تھی
ہر ہر ملک کی جانب بطحا نگاہ تھی

گلزار سب زمین تھی منور تھا آسمان
عالم تمام غرق تجلی نہان عیان

خوبان ونگار بہر سو طرب کنان
مشتاق دید ردے پرانوار یک جہان

کروبیوں کا چاروں طرف ازدہام تھا
ہر ایک کی زباں پہ درود و سلام تھا

کعبے میں لات منھ کے بل گری لات و منات
فارس کی آگ بجھ گئی دنیا سے یہ بات
کسریٰ کا طاق ٹوٹ کے سب گر گیا وہ رات
ظاہر ہوئی وہ رات ہزاروں ہی معجزات

اب آسماں سے بڑھ گئی عزت زمین کی
مسند ہے اسپہ کون و مکاں کی مکین کی

آدم سے تا مسیح تھے جتنے کہ انبیا
رویت کا اشتیاق تھا ہر فرد کو سوا
تھے منتظر وہ شہ کی ولادت کے جابجا
دیدہ ہر اک کا جانب بطحا لگا ہوا

از عرش تا بفرش سبھی بیقرار تھے
اور رویت جمال کے امیدوار تھے

تنہائی پر جو آمنہ اپنی ملول تھیں
حوریں بہشت سے دہیں پاس انکے آ گئیں

تسلیم کرکے ادنکو ادب سے کھڑی ہین
مشغول کار بار زمین اونکی دست بستہ ہوئین

کہتی تھین آج رحمت رب غفور سے
دیکھینگے ہم جمال نبی کا حضور سے

ای عاشقان احمد مرسل کھڑی رہو
سر کو جھکا کے سینے پہ ہاتھہ اپنا باندھ لو
تعظیم کا مقام ہی پڑہ لو درود کو
پھر گوش جان و دل سے یہ احوال سب سنو

ہی ذکر یہہ ولادت خیر الانام کا
محبوب حق رسول ذوی الاحترام کا

القصہ جبکہ وقت ولادت ہوا قریب
آواز آسمان سے نہایت ہوئی مہیب
شاہون کے آگی جیسے ندا کرتی ہین نقیب
پھر تو وہ سنکے ہوگئی حالت ہی ان عجیب

کانپی زمین پہاڑ سبھی اوس سے ہلگئے
اہل زمین کے خوف سے بس دل دہلگئے

مرغ سپید نے آمین آیا پھر اک وہاں
وہ بالیقین ملک تھا یا طائر جناں

پاکیزگی تھی جسکی پروبال سے عیاں
پہنچا وہ اسمقام پہ تھی آمنہ جہاں

پر اپنے اوسنے آمنہ کے پیٹ پر ملا
تا اوس سے ہووے سہل عیاں جلد بر ملا

لایا وہاں پھر ایک ملک نزہت وفر
کی عرض آمنہ سے کہ جلد اسکو نوش کر

جام زمردین میں شراب طہور بھر
تا زود دست خالق کبریٰ ہو جلوہ گر

جب وہ شراب آمنہ نے نوش کر لیا
تب اوس ملک نے ساتھ ادب یہ کی ندا

ظاہر ہوا رسول خدا شافع امم
ظاہر ہوے اخیر نبیان صاحب علم

ظاہر ہوا نبی ذو المجد و الکرم
ظاہر ہوا شہنشہ عالم زمان خدم

تشریف لائے کہ جہان بے قرار ہے

عالم تمام دید کا امید وار ہی

پھر تو وہ آفتاب رسالت ہوا طلوع
سرعت سے خاص جانب حق ہو گیا رجوع

وحدانیت کی پھر اقرار با خضوع
خالق کو اپنی سجدہ کیا با ہمہ خشوع

پھر رب کی ساتھہ سجدہ میں قال و مقال تھا
امت پہ رحم کرنیکا ہی ہر دم سوال تھا

جب حق نی اوس سوال کو مقبول کر لیا
تب سر اوٹھا سجدی سی وہ شاہ انبیا

کون و مکان دیکہ غور سی ہر سو نظر کیا
صلوٰت اور اسلام کا ہر سو سی غل اوٹھا

کونین شرفیاب ہوئی وصل جمال سی
جو پاک تھا شبیہہ و نظیر و مثال سی

پھر ذوق دید سی کوئی بیہوش ہو گیا
سکتہ کسیکو اور کوئی غش کھا کی گر پڑا

ہر شی آیا جسکو اوسنی ثنا خدا کیا
ہر سو سی بس بلند ہوئی پھر توحید صدا

نورشہ عرب ہی جہان فیضیاب ہے
پر عبدیت کے عین کا منہہ پہ نقاب ہے

اوسکے ہی نور سے ہوا تکوین کائنات
ہین سب فروع اور وہ ہی اصل ممکنات
نور قدم سے خلق ہوئی اوسکی خاص ذات
کسکی مجال ہی کہ لکھے اوسکی کچھہ صفات

بندہ ہے اوسکی حسن کا کسطور ہو بیان
جسکا خدا ے عز و جل ہووے مدح خوان

چہرہ وہ جسکو دیکھکے شرمندہ ہو قمر
تھرائے شمس دیکھے اگر اوسکو یکنظر
والشمس والضحی ہین گویا اوسکی حسن پر
نور خدا ے پاک وہ صورت سے جلوہ گر

لولاک جسکی شان مین ہے وہ جناب ہے
عالم تمام ذرہ ہے یہہ آفتاب ہے

ابرو وہ ابروی جہان غیرت ہلال
قوسین قاب جسکی اشارت پہ ہووین دلیل

تسخیر مین وہ پنجۂ مژگانکو بس کمال
چتون مین پھر یہ دبدبۂ صولت و جلال

توڑا بتونکو کفر کی حالت تباہ کی
عالم ہوا مطیع جو ہر یک نگاہ کی

آنکھین وہ جو ہمیشہ ہین مشغول دید حق
جن پر کہ سب کھلی ہوئی ہین چار پردہ طبق
ہیبت سے جنکی سینۂ کفار ہو دو شق
منظور رحمت انکی ہین جنتکے مستحق

مردونکو زندہ کرنیکی انمین صفات ہین
عینین ہین کہ چشمۂ آبحیات ہین

وہ کان جسکی واسطے ہو زمزمۂ کن فکان
سمع سروش غیب کو آمادہ ہر زمان
نادم ہین جنکو دیکھکے لعل و گہر کی کان
گویا صدف ہین گوہر قدسی کی بیگمان

کون و مکانمین کسکی کہان ایسے کان ہین
سننے کلام قدس جو ہر دم ہر آن ہین

کاکل وہ جنکا راز کسی پر نہین کھلا
کانون کے پاس سلئے آ ونکو ملی ہی جا

ہان سعد رتو پایا کہ واللیل اذا سجا
ہی سمع غیر تا کہ وہ کرلیوین التجا

عارض سی ہمقران ہی والیل و نہار ہین
حسن ازل کی راز کی وہ رازدار ہین

بینی وہ جسکو دیکھہ دبنی ہو دلسی در
روشن ہی بحر حسن مین گویا کہ شمع طور

اقرار ہی بشر کری توحید پر ضرور
سبکی زبان ہی وصف مین اوسکی پہ قصور

غلمان خجل ہی دیکھکی شرمندہ حور ہی
بینی ہی یا تجلی قدسی کا نور ہی

یاقوت جسکو دیکھکی شرمندہ ہو وہ لب
سرخی کو جنکی دیکھکی مرجان ہی جان بلب

شفاف سقدر ہین کہ آئینہ حلب
ہر دم ہی جنکو عاصیون کے عفو کی طلب

جنبش مین کلک کاتب تقدیر بالیقین

تاثیر مین خواص مین کسہیر بالیقین

دندان وہ جسکو دیکھکی حسیر ہا تمین نجوم
جنکی جھلک کی عرش معلی ملک دہی ہوم

علمان حور دیکھین تو پھیر چوم لین قدوم
انجم نشار چرخ کری گرد گھوم گھوم

شرمندہ جنکو دیکھکی سارے حسین ہین
دندان ہین یا کہ سورۂ یسین کی سین ہین

زیبا ذقن ہی یا شجر قدس کا ہی سیب
کونین کی ہی جس سے بہی خلد کی ہی زیب

حور و ملک ہین دیکھکی بس جسکو بی شکیب
سب انبیا ہین جسکی تصور مین بی حبیب

چاہ ذقن وہ جسکو دو عالم کی چاہ ہی
زمزم کو جس سی آب کی کوثر کو چاہ ہی

ہی الغرض تمام وہ جسم شہ عرب
ظاہر مین جسم اور بباطن وہ نور رب

سائی سی پاک تھا قد والا ہی سبب
مہو ون سکوت کرکہ بس اب ہی ادب

واصل وہ رب سے عبد سے شامل ہر آن ہے
یہ خاص اُسکے برزخ کبریٰ کی شان ہے

پھر خدا ذرا امیر کی جانب سے ای صبا
کر جا کی جلد یہ شہ یثرب سے التجا
کبتک رہون مین درد جدائی مین مبتلا
کبتک سہون مین ہجر کی یہ حسرت و بلا

بُلوائیے مدینے مین اس رو سیاہ کو
مجلس مین بار دیجیے اس پر گناہ کو

ای پادشاہ کون و مکان عرش بارگاہ
قدسی پناہ قدس مکان قدس جایگاہ
بن تمہین کبتلک میری حالت ہی تباہ
للہ مجھپہ کیجیے یک لطف کی نگاہ

محتاج کل ہو آپکی وہ پاک ذات ہی
بخشش گناہ یک ادنی سی بات ہی

خادم ہو تمین غم سے نہایت ہی زار ہون
نادم ہون منفعل ہون سیہ شرمسار ہون

ہر چند بد عمل ہوں میں اور زشت کار ہوں
پر آپ کی ہی لطف کا امیدوار ہوں

کرتا ہوں ورد شام سحر نام آپ کا
ہوں میں غلام بی درم و دام آپ کا

دولت مجھے ملی نہ ملی اب طلب نہیں
حشمت مجھے ملی نہ ملی اب طلب نہیں
عظمت مجھے ملی نہ ملی اب طلب نہیں
جنت مجھے ملی نہ ملی اب طلب نہیں

ہی التجا کہ آپ کی قربت مجھے ملے
اور دائما غلامی حضرت مجھے ملے

اب مجھکو ہی نہ دولت و صولت کی آرزو
نہ ازدیاد عزت و حرمت کی آرزو
دوزخ کا خوف اور نہ جنت کی آرزو
دل میں فقط ہی آپکی قربت کی آرزو

موزون کی عرض اتنی خدایا قبول ہو
احمد کے در کی اسکو غلامی حصول ہو

مخمس

# مخمس

کسی ملا را شریک محفل رندانه میگوید | کسی هم مشرب و همبزم مجنونانه میگوید
کسی کرد کین مجلس میخانه میگوید | کسی دیوانه میگوید کسی مستانه میگوید

غرض هر شخص ما را از خرد بیگانه میگوید

ز نخود هر چند از نقد تورع من تهیدستم | مگر از روز پیمان ده پای دل با دستم
مِی شوقش چنان در کوچه و بازار سرمستم | من از محو تماشای رخ زیبای او هستم

که هر جا هر کس از مدهوشیم افسانه میگوید

دهد چون غنچه پیراهن شود انوار ما پیدا | رود چون رنگ از هر شعر دانوار ما پیدا
طبیعت چین سینه معدن شود انوار ما پیدا | بسوزد شعله های جان تن شود انوار ما پیدا

ز بان شمع این نکته بهر کاشانه میگوید

کشا از باطن خود صیقل نادم گرش | بپیر تا منزل باجلس مگو این از دم گرش

باخر نقد جان پیش او بر دکش | وجود خویش را هیتش گم ساز و درکش

حدیث خوشتن با شمع کی پروانه میگوید

دلا والشمس خوانی بیاد آن رخ زیبا | الم نشرح بدانی شرح صدر نور وا زکی
نه هرکس واقف است از سر سبحان الذی اسری | که داند غیر عاشق معنی واللیل اذا یغشی

مگر آن زلف مشکینش بگوش شانه میگوید

ندارم هیچگه دست از طلب تا جان بتن دارم | گریبان چاک بر سر خاک و خون دیده با دامن
نشود گر بخت با سعی من امی بچنگ آرم | جوان طبعم چسان از پند ناصح عشق بگذارم

که ناصح آنچه گوید از سر پیرانه میگوید

بغیر از قرب لیلی نخواهد این دل مجنون | مگر در اضطرار از حد خود هرگز نشد بیرون
چه با من نشیند هرگونه جبر از دست این گردون | بود پابند تسلیم و رضا صبر گو موزون

مگر گه گه چنین اشعار بیتابانه میگوید

محمد

# مخمس

ایکه می یابم مقامت در نهان خویشتن
چشم دارم تا کنی اظهار شان خویشتن
پاسخم ده از زبان حق بیان خویشتن
باز گو ای طایر قدسی نشان خویشتن
دور گردیدی چرا از آشیان خویشتن

هر که آگه شد ز توحید انجمن پیوسته است
سالها در کشف معنی از خودی بگسسته است
از وجوب امکان پدید آمد مگر از عشق است
میل صورت از معنی دوئی بهر چیست
شمه با من بگو از داستان خویشتن

گفتگوی من بجنبید دل چو بشنید اینچنین
شاهد معنی رخ مقصود بنمود اینچنین
با من از عشوه در گفتار بگشود اینچنین
در جوابم طایر قدسی بفرمود اینچنین
بعد افشای همه راز نهان خویشتن

از ازل گردیده ام در عشق احمد مبتلا
بجذبهٔ شوق تو میکشد ما را به سودای جا

ورنه ما را با حضیض خاکدان نسبت کجا
بلبلم از شاخسار قدس گردیده جدا

دور افتاده ز باغ و بوستان خویشتن

بسته ام پیمان خود با او چو در روز الست
صد تعبهای کشیم تا دامنش آرم بدست

بر تو مخفی نیست یار آنچه احوال منست
گاه سوزم گاه سازم گهه بهوشم گاه مست

گهه بخندم گهه بگریم بر فغان خویشتن

آنچه از من سر زند از اختیار من مگیر
نیستم جز آنکه دهانی طبعم صاف ضمیر

میدرخشم ذره وار از عکس آن مهر منیر
گهه امیرم گهه فقیرم گاه مطلق گهه اسیر

گهه عیان سازم همه کار نهان خویشتن

گهه ملول از هجر گهه شادم ملمید وصال
گاه شاه بدر بالم گاه کاهم چون هلال

هر زمان میسازم از حالی بحالی انتقال
گاه طفل خورد سالم گهه جوان با خط و خال

گاه من پیر مرحیم ناتوان خویشتن

دیدهٔ مجنون نبیند غیر لیلا زینهار
صورت شخصی نبیند او بود آئینه‌دار

نیست در آئینه جز عکس رخ آئینه‌دار
در دو عالم عاشق صادق نبیند غیر یار

کو نیارد در نظر جز جان جان خویشتن

خویش را دریاب تا معشوق را یابی ترا
عشق کامل بهر تو باشد درین ره رهنما

هر که او خود را نداند یار را داند کجا
یار را هرگز نیابی تا نیابی خویش را

دور کن از خویشتن وهم و گمان خویشتن

جذبه‌ها از قلب مقناطیس می‌گردد نخست
بر تن گل غنچه پیراهن همی درد نخست

جوشش عشق از مبدء فیاض چون سر زد نخست
شعله‌ها عشق از معشوق می‌خیزد نخست

شمع سوزاند نخستین جسم و جان خویشتن

نخوت و کبر و هوای نفس را از دل کنی
خویش را در صبر و تسلیم و رضا کامل کنی

با سگان درگهش در کوی او منزل کنی
گر تو منظور الهی همچو ویس قرب او حاصل کنی

مہرِ خاموشی زدن اول بر زبانِ خویشتن

# التماسِ مصنّف

اس مجموعہ کا مصنف خاکِ نعلین رسول الثقلین میر محمد حسین ولد مولوی میر محمد صالح بخاری غفرہما الباری المتخلص موزون۔ ناظرین باتمکین کی خدمات عالی درجات مین یہہ التماس کرتا ہی کہ جسدم اس دل خستہ پر و بال شکستہ کے سینہ مین شوق نعلین بوسی نبوی کا جوش ہوا فرحت دل سے دور ہوی غم ہم آغوش ہوا عقل زایل ہوی ہوش پرواز ہوا از خود فراموش ہوا۔ ہر آن بے تابی طرح بطرح کی صورتین دیکھانے لگی۔ ہر زمانہ نا کامیابی انواع و اقسام کے اشکال پیش لانے لگی غرضکہ جو حالتین گدرین اور گذرتی جاتی ہین خارج از حد بیان۔ اور جو صدمے کہ سہے اور سہے جاتے ہین زاید از امکان انسان

ہر چند کہ تفصیل اس اجمال کی طول ہی کہ یہہ شعبۂ عشق رسول سے
مگر اُسکے مصائب کی بیان سے بہ لحاظ شبہات ریاکاری صبر و سکوت
خوب ہی اور ہمیشہ طبایع عشاق کو گو نہایت شاق ہی صبر و سکوت
مرغوب ہی ۔ لمصنفہ ۔ وجود خویش را در ہستیش گم ساز و دم درکش
حدیث خوشیتن با شمع کے پروانہ میگوید ۔ الحاصل عند الاضطرار
اس دل بیقرار کی اکثر اوقات کچہہ مضامین جس سے دل حزین کو
کسیقدر تسکین حصول ہو تحریر ہوا کرتے ۔ مگر وہ مضامین نہ بطرز
شاعرانہ بلکہ مجنونانہ ۔ چنانچہ رفتہ رفتہ اون مضامین کا ایک مجموعہ
ہوگیا ۔ پہر بعض اوقات جیسا کہ کوئی بیمار وائے وائے یا آہ آہ
کرکے کراہتا ہی ۔ اور اوس سے اوسی کسیقدر تسکین و تسلی ہوتی ہے
اوس مجموعہ سے کسیقدر مضامین تنہائی مین پرہنے کا اتفاق ہوتا

اور اوس سے کسیقدر قلب حزین کو تسلی و تسکین بہی ہوا کرتی۔
اس اتفاقات مین چند احباب اس مجموعہ سے آگاہ ہو کر خواستگار
ہوسے کہ چند اشعار اس سے واسطے قصاید خوانی کے دئے جائین
گو مصنف مین وہ لیاقت و استعداد نہین کہ جسکی تصنیف سننے سے
ذایقہ و حلاوت ہو مگر بفحوای اینکہ آزردن دل دوستان جہل است
حسب فرمایش چند تا قصاید اس مجموعہ سے دیے گئے اور قصاید
خوان صاحبون نے اون قصاید کو کہ وہ خوبی ممدوح کی برکات تام
اون کی خوش گلوئی کا سبب تہا نہایت عمدگی سے پڑہنے لگے
اور ایک مدت یونہی گذری پہر تو جملگی احباب بعض وقت بطور متفرق
و بعض وقت بہئیت مجموعی اس مجموعہ کے چہپوانے کے لئے
نہایت اصرار کرنے لگے اور مصنف اون کی ارشاد کو اپنی بلیاقتی

و بے استعدادی و بے حوصلگی کے سبب لطایف الحیل مین گذار دیتا
اور فی نفس الامر اس مجموعہ کے ملاحظہ سے اساتذہ اولو الابصار جو
ماہر علم عروض ہین بے شک مصنف کو علم عروض سی عاری و بی استعداد
غور فرما سکتے ہین اور یہی امر واقعی ہی۔ القصہ احباب کا اصرار اس
مجموعہ کے چھپوا نیکے بارہین روز بروز بڑہتا چلا۔ حتی کہ احباب
موصوفین سے بعض ذوات مقدس کے جانب سی کہ مصنف اون کو
اپنا بزرگ جانتا ہی باصرار فرمایش شروع کروایا۔ پہر تو جیسا کہ مصنف
اس مجموعہ کو چھپاتا تہا۔ ناگزیر چھپوانا پڑا۔ پس مصنف نے اس مجموعہ کو
جو حصہ اول اپنی دیوان نعتیہ سے موسوم بہ نگار موزون دل فگار
بشوق نعلین بوسی احمد مختار ہی جناب مولانا و بالفضل اولنا حاوی
معقول و منقول جامع فروع و اصول مولوی حاجی محمد مظفر الدین صاحب معلی التخلص

مددگار صدر کچہری اہتمام ٹپہ خانجات ملک سرکار عالی دام مجدہ کے

توجہات سے مطبع مطلع انوار دکن صانہ اللہ عن الشرور الفتن میں

چھپوایا ـ والحمد للہ اولاً و آخراً باطناً و ظاہراً وصلے اللہ

علی ختم الرسل ہادی السبل الذی قد احاطہ دینہ و اسلامہ من القاف

الی القاف سیدنا و مولانا محمد بن عبد اللہ ابن عبد المطلب ابن

ہاشم ابن عبد مناف و علی آلہ و اصحابہ وسلم تسلیماً کثیراً کثیرا

## تاریخ ختم دیوان نعتیہ یابتہ حصہ اول

زدیوان نعتیہ چون جلد اول
شد اتمام از فضل ذو المجد و المن

نداشد بجلد دی این ـ خوا موزون
مع الیس بگفتم ـ کہ بخشایش من

۱۳۰۳ھ

تقریظ من نتایج افکار زبدة الاخیار مخزن صدق وصفا معدن علم وحیا جامع علوم صوری ومعنوی برگزیدہ بارگاہ مصطفوی مولانا مولوی وحاجی محمد مظفر الدین صاحب المتخلص معلی مددگار صدر کچہری اہتمام ٹپہ خانجات ملک سرکار عالی

ای باریابان دیوان نعت محمدی - وای حاشیہ بوسان بساط ثنای احمدی

ہزاران ہزار رشک ہی اوس سخن آفرین حقیقی کا جسکی وصف کلیمی کا

ہر طبع موزون مین ظہور ہی - اور بے شمار مطلع نعت و درود محقق

اس ناطق فرمان - الشعراء تلامیذ الرحمان - کے لیے جسکی دعا

ایدنا لا بروح القدس - مداحان خاص کے لئی منشور ہی - زہی سلطان

نیقر مزاج جسکے باغ رسالت کا - الفقر فخری - یک خوشۂ انگور ہی

اور خھے بادشاہ دین و دنیا جسکی ایجاد ذات وصفات ہی - حضرت

احدیت کو منظور ہی - جس دل مین عشق محمدی نہین - وہ دل دل ہی

نہین - جو کلام حمد خدا ونعت آنحضرت سے خالی ہی - وہ کلام مین

شامل ہی نہین - عشق محمدی عین عشق رب جلیل ہے - مَنْ اَحَبَّنِیْ فَقَدْ اَحَبَّ اللّٰہَ - اوس کی دلیل ہے - مگر یہہ نعمت عظمےٰ اُنہی کو سرفراز ہے جو سعید ازلی ہین - اور یہہ کرامت کبرے اونہی کو لیئے مختص کی گئی ہے جو نیکبخت لم یزلی ہین - ہر ادنی و اعلی کے لیئے یہہ صفت خاص عام نہین - اور ہر مرغ خانگی کا ہمای اوج سعادت نام نہین - خداوند عالم یہہ دولت لازوال ہر مسلمان کو نصیب او اس موہبت لاانال سے ہر امتی کو قریب کرے - ہرچند شعرای متقدمین و متاخرین - مثل حضرات سعدی و نظامی و حافظ و جامی و بیدل وغیرہ رحمتہ اللہ علیہم نے یہہ دولت ابدی حاصل کی ہے - لاکن میری دانست مین فیضان ان کی ارواح متقدسہ کا اب تک بھی باقی ہے - چنانچہ اندنون سر دفتر سیادت و نجابت - نقاوہ دودما

شرافت اکمل الکملا - وافضل الفضلا - واقف رموز صوری ومعنوی
عالم علوم دینی ودنیوی - مخمور شراب مصطفوی - اسیر سلسلہ جمال
مرتضوی - معدن اسرار صدق وصفا - مطلع انوار دفق وفا - مقبول
بارگاہ خاص حضرت بیچون - حاجی الحرمین جناب مولوی میر محمد حسین صاحب
بخاری المتخلص بہ موزون سررشتہ دار صدر کچہری اہتمام ٹھپہ خانہ جات
ممالک محروسہ سرکار عالی خلد اللہ ملکہٗ خلف الصدق حضرت مولانا
مولوی میر محمد صالح صاحب بخاری رحمتہ اللہ علیہ سے جو مشایخین عظام
اس ملک کی ہین - یہہ کلمات طیبات اور الہامات باقیات الصالحات
نعت سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والتحیات مین تالیف فرماے ہین
عجب طرح کے لطف اور عمدگیان دکہاے ہین - یہہ کلام موزون
نہ صرف موزونیت ہی مین بے نظیر ہے - بلکہ ہر طرح کے اوصاف سے

مقبول و ہر دلعزیز ہوتا ہے۔ یہہ کلام جادو بیان جو مملو بہ نعت مصطفوی ہے
سحر موسوی نہین اعجاز عیسوی ہے۔ زبان بشر اس کی صفت مین
لال ہے۔ اور دہان جن و انس اس کی توصیف سے مالامال ہے
کلام عاشقانہ کو الہام غیبی کہون تو بجا۔ اور ان اشعار مستانہ کو
مکاشفات لاریبی سمجھون تو زیبا ہے۔ ہر شاعر و ہر سخنور پر یہہ امر
منکشف ہے کہ جس کلام سے سراسر عشق کی بو ٹپکتی ہے۔ اُس کلام کو
تلازمات شاعری سے کچھہ غرض نہین رہتی۔ کیونکہ عشاق کا مقصود
اصلی ذات محبوب ہے نہ کہ شاعری مرغوب۔ چنانچہ حضرت مولانا رومؒ
اپنی مثنوی فیض لزوم مین ارشاد فرماتے ہین۔

قافیہ اندیشم و دلدار من      گویدم مندیش جز دیدار من

الغرض مین نے جسقدر غور کیا اس کلام کو سوای مذاق عاشقانہ کے

ضروریات شاعرانہ سے بہی مملو پایا۔ یہہ نوادرات عنایات بیچون
باعث تصرفاتِ حضرت موزون ہی۔ سبحان اللہ کیا بات ہی
فی زماننا ایسا کلام تصرف آمیز دیدہ ہے نہ شنیدہ۔ حسب شاعر کو
اس زمانہ مین دیکہتا ہون اس مذاق سے بعید ہی۔ دیوان موزونان
سے کے گلگا جمنی اشعار فارسی دار و حسن کا مطلع۔ اور ریختا و ریختہ فصاحت مین
عمدہ کا مرقع ہے۔ ہر مطلع مطلع انوار۔ ہر شعر شعری شعار۔ ہر غزل
رشک غزالان ختن ہے۔ ہر گلدستہ گلدستہ چمن۔ ہر مصرعہ غیرت
ابروی ماہ رویان۔ ہر سلسلہ بیت زینت افزای زلف غالیہ مویان
حسن مطلع رونق خطِ شعاعی آفتاب۔ ہر منتخب اشعار دفتر فصاحت کا
انتخاب۔ ہر مثلث زیب موالید ثلاثہ۔ ہر رباعی چہار عناصر حسن کا
خلاصہ۔ ہر خمسہ حواس خمسۂ ظاہری و باطنی کا پیوند۔ ہر مسدس

شش جہت میدان عشق کا ترجیع بند ہے - ہر نظم مثنوی بلاغت کا
مستزاد ہے - ہر نکتہ شرح فصاحت بیانی مین استاد - الغرض
اس مجموعۂ عشقیہ کی جسقدر توصیف کیجاسے قلیل ہے - اور جتنی اس
رسالہ کی تعلی ہو کوتاہی بیان کی دلیل ہے - چونکہ اس کلام عاشقانہ
کی توصیف مین پوری پوری عہدہ برائی کار محال انجام ہے - لہذا
اس کے وصف مین چند ابیات جسکا مصرعۂ اخیر مادۂ تاریخ ہے
ختم کلام ہے -

چون زموزون این کلام با صفا
شد رقم در نعتِ حضرت مصطفا

وصفِ این خارج زحدِّ آدمی است
زانکہ این مملو ز اوصاف نبی است

طاقتِ انسان چو از وصفش بری است
وصفِ وصفش ہم نہ حدِّ شاعری است

ختم کردم ای معلّی بر دعا
تا شود مقصودِ ما ہر دو ادا

یا الٰہی از طفیلِ شاہ دین
از طفیلِ جملہ اربابِ یقین

آتشِ عشق بنی در جانِ ما
ہمچو موزون مشتعل کن در ملا

بہر سالِ طبع چون کردم خیال
تا شود معلوم از و تاریخ و سال

ہاتفم گفتہ بگو ای ذی عقول
زینتِ جان ہای عشاقِ رسول

قطعہ تاریخ طبع دیوان موصوف از تصنیف ایضاً بحرِ دیگر

از جوشِ عشق حضرتِ موزون در این ایام
دیوان بہ نعتِ سیدِ عالم چو شد تمام

تاریخِ انطباع معلی بگفت دل
ماند قبولِ بارگہِ خاص این کلام

۱۳۰۴ ہجری

تقریظ رقم زدۂ قلم فصاحت وبلاغت شیم شاعر جادو نگار در علم وفضل یگانۂ روزگار مولوی سید علاء الدین صاحب المتخلص بہ واحد حسینیؔ دار سیاصدر کچہری پٹنہ عظیم آباد سرکار عالی

الحمد لواہب العطایا

والنعت لافضل البرایا

امابعد محبان رسول الثقلین کو بشارت اور عاشقان سید الکونین کو اشارت ہو کہ ان دنوں یہہ دیوان کثیر المنفعت قلیل الحجم مملو بقصاید نعتیہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم نتیجۂ افکار پر انوار ناثر بے بدل ناظم عدیم المثل غایص بحار عشق احمد مختار فارس مضمار نعت سید الابرار سید الحبیب الفطن اللبیب فاضل کرامت مشحون جناب مولانا الحاج مولوی میر محمد حسین صاحب البخاری المتخلص بہ موزون سررشتہ دار صدر کچہری انتظام پٹنہ علاقجات ملک سرکار عالی

احسن سعی جناب الاکرم ۔ فاضل الافخم ۔ شاعر بے عدیل ۔ ناظم عدیم المثل فرید الدہر ۔ وحید العصر ۔ مجمع التواضع والتمکین ۔ المتحلی بحلل الاوصاف المجلی جناب مولانا مولوی محمد مظفر الدین صاحب المتخلص بہ معلی مددگار ناظم شعبہ خانجات ملک سرکار عالی ۔ مطبع مطلع الانوار دکن میں چہپکر مطبوع طبایع خاص و عام ہوا ۔ الحق یہہ وہ دیوان ہی جسکے رنگ مضامین کا عجب ہی طور ہی ۔ دواوین ہوتے ہین مگر یہہ دیوان کچہہ اور ہی نظم اسکی دلچسپ معانی دلاویز مضمون ایک سے ایک فایق ہی یہی سبب ہی کہ ابتدای نظم سے ہر ایک اس کا شایق ہی ۔ سواد اسکا مہیج سودائی عشق رسول ہی ۔ بیاض نور افزای قلوب محبت شمول ہی ہر سطر جادۂ تسخیر ہے ۔ ہر نقطہ سپہر مدح احمد کا اختر پر تنویر ہی ہر حرف سے عشق نبی آشکار ہی ۔ الغرض گلشن نعت کی نئی بہار ہی

سبحان اللہ کیون نہو کہ یہہ دفتر نعت رسول کبریا ہی جسکی مطالعہ سی
دل کو روشنی چشم کو ضیا ہی حصولِ سعادت ابدی اس سے سوا ہی
اللّٰہم انفعنا من برکاتہ بطول حیات المصنفِ وازدیاد حسناتہ
الی یوم القیام وآخر دعوانا الحمد للہ الملک العزیز العلام والصلوٰة
والسلام علی رسولہ خیر الانام واصحابہ الکرام ــ

قطعۂ تاریخ عربی من واحد

| | |
|---|---|
| فلما انشد مولانا البخاری | مدیحًا للنبی خیرِ الانامِ |
| فاحسن نظمہ لفظًا ومعنًا | کسلک الدر فی حسن النظامِ |
| متی من طبعہ حصل الفراغ | سألت الہاتف عام الختامِ |
| فارشدنی علی وجہ النشاط | مدیح المصطفی خیر الکلام |
| ۵۰ | ۴ ۱۳۰۰ھ |

## ولہ ایضاً فارسی

| | |
|---|---|
| صاحب الفضل جناب موزون | کرد تدوین چو مدح اعلا |
| گفت بر ساختہ سالش وحید | دفتر نعت سعی والا |

۱۳۰۴

## ولہ تقریظ منظوم اردو مع تاریخ طبع

| | |
|---|---|
| کہاں ہیں کہ جو ہیں غزلخوان نعت | فدایان احمد محبان نعت |
| بصد شوق لیں ذائقہ نعت کا | مہیا ہی ان کی سے لئے خوان نعت |
| لکھا خوب موزون نے ہی انداز ان | کمال فصاحت سی دیوان نعت |
| ہی ہر حرف مملو بوصف نبی | دکھائی ہی اسمین عجب شان نعت |
| سطور اسکی روشن تر از کہکشان | نُقط مثل دُرہای عمّان نعت |
| نہ خوفِ خزان یان نہ آسیب خاک | عجب ہی بہار گلستان نعت |
| ہین توصیف کی گوہر اسمین بھری | یہہ دیوان موزون ہی یا کان نعت |

چھپا جبکہ یہہ دفتر پُر شرف | کہ تا عام ہو سب پہ فیضان نعت
لکھی اوسکی تاریخ واجد نے یون | بخوبی ہوا طبع دیوان نعت

سنہ ۱۳۰۴ھ

تقریظ کتاب مستطاب نعتیہ جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم موسوم بہ بکاد موزون چکیدۂ قلم جواہر رقم شاعر شیرین زبان فرید العصر وحید الزمان حاجی مولوی محمد فیاض الدین صاحب صفا المتخلص فیاض نائب میر منشی صدر کچہری اہتمام ضلع جات ملک سرکار عالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ جلشانہ کے ہم پر بڑے احسان ہین کہ ہمارے پیغمبر رسول آخر الزمان ہین رباعی پیغام خدا نخست آدم آورد ۰ انجام بشارت ابن مریم آورد یا جملہ رسل نامہ بے خاتم بود ۰ احمد بر ما نامہ و خاتم آورد — ہر چند نفس نبوت مین سارے انبیا علیہم السلام ایکسان ہین مگر جو فضایل کہ خاصتاً جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خداوند پاک جلشانہ نے عطا فرمائے ہین ایسے کہان ہین تا

رباعی ــ پیش از همه شاہان غیور آمدہ ٭ ہر چند کہ آخر بظہور آمدہ
ای ختم رسل قرب تو معلوم شد ٭ دیر آمدہ زراہ دور آمدہ

موجود وہی ہی کہ توحید رب العالمین کے ساتھ فضیلت حضرت خاتم المرسلین
کی ہی جبکہ اللہ جل شانہ نے اون الفاظ روف و رحیم سی یاد فرمایا ہی
جو خاص اپنے واسطے فرمایا ہی اوس کے دل مین جای گزین ہو ــ

رباعی ــ در منزل توحید کسی را رہ نیست ٭ کز منزلت ختم رسل آگاہ نیست
گنجینہ لا الہ الا اللہ را ٭ مفتاح محمد الرسول اللہ است

سبحان اللہ کہ اس گلدستہ نعتیہ فرحت افزون مین جو میری محسن
اور عنایت فرما حضرت موزون سے نہایت اخلاص اور اعتقاد کے
ساتھ ترتیب دیا ہی ایسی ایسی رنگین مضامین فضیلت جناب حضرت
شفیع المذنبین کے درج کئے ہین کہ اسکی دید و داد دیدنی ہین ــ

اب نہ سیر گلستان کی آرزو ہی نہ کسی بوستان کی جستجو۔ بہار دانش
اگر پوچہنے تو اس کے ہر صفحہ بلکہ ہر ہر حرف مین نہان ہی۔ اور
شبنم شاداب معرفت اگر ڈہونڈے تو اس کے ہر ہر نقطہ سی
عیان ہی سہ مارا دماغ گلشن و باغی نماندہ است ٭ اسے بوی گل برو
کہ دماغی نماندہ است۔ اب ناظرین باتمکین اور جان نثاران
حضرت رحمۃ للعلمین غور فرماوین کہ جب آپکی فضیلت اس درجہ پہنچگئی
ہو کہ اگر ایک لاکہہ چوبیس ہزار پیغمبر ایک طرف کہڑے ہون اور
ہمارے جناب رسالت مآب بنفس نفیس ایک جانب ہمکو اتباع
اپنی ہی پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام کی واجب و لازم ہی اگر اس
موقع مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کچہہ ارشاد فرماوین اور
ہم اولو الانبیا علیہم السلام کی جانب دیکہین کہ کہلا اسباب مین

یہہ حضرت کیا فرماتی ہین تو فوراً ہمارا نام امتیون سے دفتر سے نکالدیا جاوےگا
اور وبال عظیم ہمارے جان پر ڈالا جاویگا اور اگر موسیٰ علیہ السلام بھی
حضرت کے زمانہ مبارک مین ہوتے تو بجز اطاعت آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے کوئی روش دوسری اختیار نہ فرماتے پس اسصورت مین
آپ کی اطاعت اور بجا آوری احکام شریعت جو کچھہ زبان فیضترجمان
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نکلے اور وہ بذریعہ حضرات محدثین
وائمہ مجتہدین اور بزرگان دین ہما لکن ہمکو پہنچ گئی کسقدر فرض
نہوگی اور بات یونہی ہر کہ جو اللہ تعالیٰ کا محبوب بننا چاہتا ہی وہ
سچے دل اور سچے عقیدت سی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی
اطاعت کرتا رہی بمنجواء آیہ کریمہ قل ان کنتم تحبون اللہ
فاتبعونی یحببکم اللہ۔ اور حقیقت مین رسول اللہ صلعم کی

اطاعت عین اطاعت اللہ جلشانہ کی ہی کہ جسکے صلہ مین آدمی
اون انعام واکرام کا جو خاص انبیا وصدیقین وشہدا وصالحین کے
حق مین نازل ہوا ہی مستحق ہوتا ہی اور اون سکے رفقا مین شمار کیا جاتا ہی
جیسا کہ اللہ جلشانہ فرماتا ہی ومن یطع اللہ والرسول فاولٰئک
مع الذین انعم اللہ علیہم من النبیین والصدیقین والشہدٓا
والصلحین وحسن اولٰئک رفیقا۔ اب تعریف انبیا اور صدیقین
اور شہدا اور صالحین کی سنئے کہ انبیا علیہم الصلوٰۃ والسلام
وہ حضرات ہین کہ جبرئیل روح الامین فرشتہ ظاہر اپیغام حضرت
رب العالمین کا پہونچاوے۔ اور صدیق وہ ہین کہ جو حکم وحی ہو
اوسکا دل اوسپر بلاتامل گواہی دے اور تصدیق کرے۔
اور شہید وہ ہین جنکو پیغمبر کے حکم پر ایسا صدق حاصل ہو کہ اوسپر

جان دینے پر بہی مستعد ہو جایئن اور کسیکی ملامت یا ایذا رسانی کا
خوف و لحاظ نہ کہین - اور صلحا وہ ہین کہ اون کی طبیعت نیکی پر
ہی پیدا ہوی ہو ہیں جو لوگ سوای ان حضرات کے ہین مگر فرمانبرداری
مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جان و دل سی سعی کرتے ہین
اللہ جلشانہ اون کو بہی بطفیل اتباع رسول اللہ صلے اللہ وسلم
کی اونہین کی گروہ مین شمار کرے گا - اور بے شک یہہ بہت بڑا
فضل ہی اللہ پاک کا جو بعد آیۂ موصوفہ ارشاد فرماتے ہین
کہ ذلک الفضل من اللہ وکفی باللہ علیما اور جس نے
کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی اطاعت سے موہنہ موڑا تو بیشک
اوس نے حضرت کے دامن حفاظت و شفاعت کو بہی ہاتہہ سی
چہوڑا کما قال اللہ تعالی من یطع الرسول فقد اطاع اللہ و

من تولی فما ارسلناک علیھم حفیظًا۔ غرض بہت بڑی نفع ملت
دنیوی واخروی عند اللہ وعند الرسول اتباع سنت میں ہی کہ جسکا
بیان انسان ضعیف البنیان سے خارج از امکان ہی ۔ سو
سو علم سے گر سینہ ہو معمور بشر کا پڑ گیا وصف نبی لکھہ سکی مقدور بشر کا
لہذا چند آیات قرآن مجید پر ہی اکتفا کیا گیا اب حضرات ناظرین سے
یہہ امید ہی کہ جب اس کتاب کو دیکھیں حضرت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے فضائل مبارک پر واقف ہو کر اعمال صالحہ اختیار کریں
اور اوامر و نواہی کا ایسا خیال رکھیں جیسا کہ کوئی عمدہ عمدہ
نعمتوں پر راغب ہووے اور زہر کے استعمال سے محترز رہے
اور للہ اس کتاب کے مصنف اور اس کے مقرظ کی حق میں دعائے خیر
فرماویں اللہ تعالی اپنے فضل و کرم سے ہمارا خاتمہ بخیر کرے اور

ہم کو اپنی رسول مقبول کی محبت اور اطاعت میں مارنے اور فردای قیامت لوا شفاعت حضرت حامی امت کے نیچے جا دے وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین ے

تاریخ طبع کتاب گلدستہ نعتیہ مصنفہ مولانا مولوی میر محمد حسین صاحب بخاری المتخلص بہ موزون طبعزاد محمد فیاض الدین نایب منشی صدر کچہری مذکور

| | |
|---|---|
| کرد موزون برای این تصنیف | سعی شکور و کوشش موفور |
| نیست جز نعت احمد مرسل | امر دیگر بخاطرش منظور |
| ای خوشا قسمتیکہ در دو جہان | ہست مداح مصطفی ماجور |
| مصطفی آنکہ بر درش صد بار | جبہہ سایند قیصر و فغفور |
| در جمال و کمال مصطفوی | این کتابیست بی نظیر و مہر |
| چونکہ از صفحہ مضمونش | منفعل شد بیاض گردن حور |

صفحه‌اش را که سورهٔ نور است / دید و شرمنده گشت چشمهٔ هور

زان به فیاض از سر اخلاص / گشت تحریر سال چون منظور

زد رقم از سر ادب تاریخ / منطبع شد کتاب مطلع نور

۱۳۰۴

تقریظ از نتایج افکار شاعر بے بدل عدیم المثل نازک خیال خجستہ فال سعید ازلی حشمت علیصا
المتخلص بہ حشمت میر منشی صدر کچہری اہتمام تھانجات ملک سرکار عالی تلمیذ حضرت حیدر مرحوم
و جناب امیر علی صاحب مدظلہ العالی

ہزارہا بلکہ کروڑہا شکر ہی اوس باغبان حقیقی کا کہ جس نے اس
گلشن ایجاد مین ہژدہ ہزار عالم کو بشکل گلہای گوناگون پیدا کیا
اور اوس مین حضرت انسان کو لباس - ولقد کرمنا بنی آدم
سے زینت دیکر تمغہ نطق و گویائی عطا فرمایا اور وہ اپنی حبیب
پاک احمد مجتبے محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم سے کے لیلاے نعت
پاک مین مثل مجنون اور شمع رسالت پر بشکل پروانہ مفتون رہا ہے

اگرچہ تخلیق انسان بصورت ظاہری آب وگل سے ہی مگر اوسمین
وہ وہ کشف وکرامات مین کہ سینی آجتک اوس کو کسب وکمال
کی ماہیت کو قیاس مین نہ لاسکا۔ اور کنہہ حقیقت کو نہ پاسکا نظر برین
آفرینندۂ روزگار نے خلعت کمال عزت وتمکین انسان کو دیکر
اشرف المخلوقات کا خطاب عطا فرمایا اور معدن علم وفضل اوس کے
قبضہ تصرف مین دیا تا مخلوق دیگر مین برتر واعلیٰ اور فرمان اطیعو اللہ
واطیعو الرسول پر شیدا دوالہ رہی ہرچند کہ زمانہ ہای سلف وحال مین
اکثر شعراے میدان نعت احمدی مین سرفرسائی کی مگر میرے
مکرم ومعظم فاضل زمانہ متبحر یگانہ ماہر اسرار فصاحت واقف رموز
بلاغت صدرنشین محفل نکتہ دانی سرخیل مجلس مقصد وکامرانی
سید صحیح النسب والحسب اشرف النجبا افضل الفضلا عاشق

رسول مقبول بارگاہ باری جناب مولانا حاجی مولوی سید محمد حسین صاحب
بخاری التخلص بہ موزون مدظلہ العالی سے اپنے اوقات بابرکات کو
جو نعت گوئی سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والتحیات مین صرف فرما کر
اس گلدستہ نعتیہ سے ہم شائقین و تشنہ لبون کو مستفیض و سیراب
کیا اوس کا بیان لا بیان ہی اگر چشم انصاف سے دیکھین تو فصاحت
و بلاغت مین سحبان وایل سے برتر اور قصائد گوئی مین عرفی
و انوری سے بہتر تر اور مین بیشک و بی ریب یقین بلکہ عین الیقین
سمجھتا ہون کہ یہہ گلدستہ توشۂ آخرت بلکہ نتیجہ مغفرت ہی گلدستہ
نعت کیا ہی گویا گنجینہ حقیقت معانی و دفینہ معرفت حقانی ہی
اگر اوسکو گلبن بہار بے خزان اور نخل مراد گلشن جاودان کہیں تو
توبجا ہی اور اس چمنستان عشق کو سنبل باغ جان اور قوت روح روان

تسکین بخش دل عاشقان کیلئے تو زیبا ہی ۔ سے نے اس سے
عشاق کے دل کی تسکین اور قیامت تک یہہ فیض رحمۃ للعلمین باقی
وجاری ہی نام مصنف زندہ وساری ہی چونکہ یہہ گلدستہ نعت رسول
مقبول ہی زیادہ گوئی اس مین فضول ہی ۔ ناظرین کو معاینہ سے
حقیقت کہل جائیگی ۔ میری صدق بیانی رنگ دکہلائیگی ۔ مشک آنست
خود بخود ببوید نہ کہ عطار مدح او گوید ۔ خدایا طفیل سے ان اشعار
نعتیہ کے میرا اور مصنف اور ناظرین کا خاتمہ موافق شعر جناب
فیاض الدین خان بندہ مرحوم کے بخیر ہو ۔ دم وصف محمد مین
نکل جاسے تو اچہا ؛ مٹکا بھی اسی ذکر مین ڈہل جاسے تو اچہا
آمین یارب العالمین اگرچہ اس ناچیز کو حوصلہ کہان کہ زبان
توصیف مین ان اشعار کے ہلا سکے مگر بلحاظ اس امر کہ یوسف کی

خریداری مین بہرحال تام شریک رہی یہہ تقریر زیب تحریر کی ہے
حضرات ناظرین اپنی گرانمایگی اور اس کمترین کی بیحوصلگی پر نظر فرما کر
عیب پوشی فرماوین ۔

قطعۂ تاریخ

| | |
|---|---|
| بنعت سید عالم ز موزون | چو شد تصنیف این دیوان مرفوع |
| دلم حشمت سن طبعش بگفتہ | نگر دیوان زموزون گشت مطبوع |
| | ۱۳۰۴ |

ولہ بصنعت تذ علیہ

| | |
|---|---|
| شد چو مطبوع دفتر موزون | دقت مسعود ساعت محمود |
| سال او حشمت از سر اخلاص | چشمۂ فیض جاودان فرمود |
| | ۱۳۰۴ ہ |

قطعۂ تاریخ طبع دیوان از محمد صدیق احمد تخلص فہیم فرزند دوم منشی قاضی حسین صاحب ضلع برہانپور شاگرد حضرت مصنف

حضرت موزون نے جو لکھی ہے نعت نبی مین یہہ دیوان
ارباب بصیرت کہتے ہین ہر شعر پہ جسکے صل علی

تاریخ فہیم ہیچمدان نے طبع کی اسکے یون لکھی

مخصوص مطبع احمدی مین دیوان موزون طبع ہوا

تقریظ از نتایج افکار شاعر یگانۂ روزگار سحر بیان ممدوح فارس و اصفہان سخنور بے نظیر
جناب سید امیر اللہ صاحب المتخلص بہ امیر صدر عامل صدر ٹپہ نہانہ بلدۂ حیدرآباد

چگویم یاران ستم ظریف را که براہ یار فروشی من بے بضاعت را
بکوچہ و بازار می فروشند و درین معاملہ بے سود و زیان ہرچہ تمامتر
میکوشند دانم کہ اینہمہ بے چیز نسے نیست کہ بر من گمان چیزے
می برند و باین گمان جلبئی کہ اجز و ندارم آنرا بہ بیع سلم می خرند
در افزایش من چنین و چنان کہ گفتہ اند و انی کہ مرا بہ ریشخند گرفتہ اند
حسن اظن اینان در حق من بشابیش است و مرا از بے مایگی سر از خجالت
در پیش طرفہ ماجرا کہ درین حالت حیفا حیف کہ متاع سی سالہ از ازل آوردہ

خود را گم ساخته و هنوز که با خود نپرداخته ام به ترتیب تقریظ مثالی داده اند

و بار تعمیل خواهی نخواهی را در گردنم نهاده بے سببے در مشکل عجیبے

افتاده ام که نه سر از حکم تافتن میتوانم و نه راه اطاعت شتافتن بار

چه توان کرد سنگ آمد و سخت آمد هیچ راه چاره ندارم بجز آنکه پاره

نگارم پیدا نیست که زیره خوانان بزم سخن و اصول دانان قانون

این فن در زمان سلف به نیرنگ کاری افکار چه نقش ها که پرداختند

و به آوازگی درین عرصه چه علمها که نه افراختند آرے هر یکے از ان

بصورت حرف یگانه بود و به معنی معنی بیگانه سے اندرین بحر سخن دُر

هر گهر را آب و تاب دیگر است سخن همان است که چون در گوش

سامعان افتد دل و جگر را شکنجے بگیرد چنانکه او شکنجے در افتد و از

اثرش لب را زیر دندان فشارد و سر را جنبش در آرد و از

زانوی بزانوی نشستن آغاز کند و هر حرکت که کند همبرین انداز کند

ع اعجاز سخن را که نگو بینا همین است - این همه که میگویم بارے ازان

کیست همانا ازان ملا جامی است قدس سره السامی - حقا که جام

بیشش از خمستان دیگر نیست و نوای بیشش از نیستان دیگر از زمزمه پرداز

در قالب سامعان و ما دم روح تازه میدمد گویی که اند هر عالم نفخت فیه

خبری میدهد آن آزاده دل از دست داده خصوص در عرض نعت شریف

خود را بوجد و حالے عجیبی رسانده کسیکه داند - تکلف برطرف

بتصنع در کنار هر جا که سخنش باین فرخی فال میزند جبرئیل امین بال

میزند - هر چند که درین زمان بعضے با درین وادی دشوار گذار برهنمائی

ذوق و شوق روشها برگزیده اند در به تلاش سر منزلی هر سو دویده

مگر جناب موزون المعروف به مولوی میر محمد حسین صاحب بخارے

مصنّف این مجموعه جا دهٔ برگزیدهٔ جامی را خوش کرده است و از سوز و ساز ازلی وگداز دلی بهرهٔ بقدر برده – هم اگر نغرک وا رسیده شود توان یافت که ترانه اش برسخے قلندرانه است وظاهر که برون جوشی از هرکس می آید و درون جوشی سے از شمایل و فضایلش هرقدر که گفته آید از هزار یکے و از بسیار اندکے است کسانیکه او را ندیده اند ذات بابرکاتش را از مغتنمات انگاشته اند اگر حق رسیده شود او را باینهمه گفتار را احتیاجے و ار ا جز بحق گفتن علاجے نیست هرقدر که اشعارش شنیدم دل تراش و جگر خراشش یافتم اگر غلط نگفت نمیتوانم که این کار کار صاحب جگران است نه کار دیگران مصنف که سر خوش این بادهٔ خوشش کافی است محض به فیض و برکت تقلید جامی است امید که خداوند عالم بدین نعت شریف رسول اکرم صلی الله

علیہ وسلم اورا بہ ساز و برگ امنیت و کلامش را بہ پایہ حسن قبولیت رسانا د۔ این مجموعہ را کہ در ثنا و صفت صاحب معراج است اگر معارج نظم خوانده شود بجا است و تاریخ طبع آن ہم ازان ہویداست فقط

۱۳۰۴ھ

تاریخ طبع دیوان نعتیہ الموسوم بہ بکار موزون من تصنیف خورم کہ شاعر نازک خیال و شیرین مقال ہداه اللہ تعالی الی صراط مستقیم بجاه نبیہ الکریم علیہ افضل الصلوٰة والتسلیم۔

از حضرت مولانا موزون بخاری

| | |
|---|---|
| تاریخ طبع آن برگفت چنین خورم | تصنیف شده دیوان ہم از فضل ان ہم انسب |
| | موزون شده این دیوان در مدح رسول آنجا |
| | ۱۳۰۴ھ |

قطعہ تاریخ طبع از منشی محمد امیر حمزه نبیرهٔ مولوی محمد امین الدین صاحب المتخلص کثرت منشی صدر کچہری اہتمام ضلع خانجات ملک سرکار عالی نے

| | |
|---|---|
| در ثنای سید خیر البشر از صدق دل | نسخہ از حضرت موزون چو شد زیب رقم |
| گفت حمزه سال طبع این بہار بیخزان | فی الحقیقت طبع شد دیوان موزون زد رقم |
| | ۱۳۰۴ھ |

تقریظ از نتایج افکار شاعر نغز فہم و ذی تہذیب بذکاوت طبع عجیب و غریب با موصوف بصلاحیت و خوش عملی میان ہدایت علی صاحب المتخلص بہ ہدایت منشی صدر کچہری اہتمام پیشخانہ عمارات ملک سرکار عالے

لایق حمد و ثنا وہ خالق ارض و سما اور سزاوار وصف و مدح وہی خیابان حقیقت و تحقیق ہی کہ جس سے چمن دنیا کو پُر از لالہ و گل جز و کل بنایا۔ اور آبیاری جویبار رحمت کردگاری سے ہر گل کو سرسبزی تازہ و نظارت بی اندازہ دیکر نشو نمائی کا حُسن دکھایا۔ سبحان اللہ وہ ایسا ہی خالق مطلق ہے کہ جسنے ایک سُخن یعنے اشارہ کن مین زمین و آسمان بلکہ تمام عالم امکان کو جامہ وجود پہنایا۔ اور ہر یک مُشت خاک کو اپنی حکمت کاملہ اور قدرت بالغہ سے پردہ غیب اٹھا کر منصۂ شہود پر جلوہ گر فرمایا۔ جن و انس اوسکی صفات جلال کو پہونچنا محال۔ اور ہر فرد بشر اوسکے کنہیات سے واقف ہونا

خلاف مجال ہے اور زبانِ نطق اس تقریر جابو وتحریر سے کر کر لال ہے اور

سوای وسیلہ ذاتِ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم اوس کی راہِ

محبت مین دم مارنا کوتاہی مقال ہے زہی سرورِ عالم رسولِ اکرم جلوہ

نور کبریا شعشۂ انوار خدا غنچہ شاخ توحید بلبل بوستان تجرید ۔ حاملِ

بار نبوت مروج آئین فتوت ۔ خزینۂ معرفت الٰہی گنجینہ فیض نامتناہی

مہر جمالِ ربانی بدر کمال یزدانی ۔ سر حلقۂ اولین وآخرین خاتم النبین

شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین ۔ منظہر رب کریم احمد بی میم حضرت احمد مجتبےٰ

محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ الطاہرین واصحابہ الکرمین وسلم

شفیعٔ مطاعٔ نبیٔ کریم ۔ قسیم جسیم نسیم وسیم ۔ امام رسل پیشوائی سبیل

امین خدا مہبط جبرئیل ہے جسنے اس کو ہی ضلالت کو چراغ ہدایت سے

روشن ۔ اور اس خارستان کفر وشرک کو گلہاے اسلام وایمان سے

گلستان وگلشن کیا ہیں تیرے آنا کردہ قرآن درست پکتب خانہ چند ملت نشست
انسان ضعیف البنیان کو کیا طاقت اور زبان مین کیا طلاقت کہ
اوسکے ثنا خوانی کا دم بہرسکے - اور قلم شکستہ رقم کو کیا قدرت اور
طبیعت کو کیا جودت جو اوسکی مداحی کا دعوے کرسکے - گلستان
نعت شفیع المذنبین و بوستان مدحت محبوب رب العالمین مین
ہرچند اکثر شعراے متقدمین نامآور و نامی مکرم و گرامی مثل مولانا جامی
و نظامی قدس سرہما السامی نے حسن چمن سخنوری دکھلا کر گل چینیان
فرمائے ہین اور اپنی اپنی طبیعت کا ڈھنگ ڈھنگ کہ جسکے وصفین
پای قلم لنگ اور قافیہ گویائی تنگ ہے بہت کچھ دکھلائے ہین - مگر
اس میدان نعت احمدی و ثنای محمدی مین فی زماننا ہمارے مولانا
و بالفضل اولنا قبلہ و کعبہ مجمع فضایل و منبع فواضل کاشف دقایق

معقول و منقول واقف اسرار حقایق فروع و اصول مجمع فضل و کمال نیک سیرت فرخندہ خصال مہر سپہر سخنوری گوہر بحر معنی گستری عاشق رسول الثقلین جناب مولانا مولوی حاجی میر محمد حسین صاحب بخاری المتخلص بہ موزون سررشتہ دار صدر کچہری ناظم صاحب ٹپہ خانجات ممالک محروسہ سرکار عالی۔ جنکے اشعار نعتیہ دل آویز اور غزلیات مدحیہ ندرت آمیز ہیں سبحان اللہ زبان فیض بنیان کیسی کوثر کی دھولی ہوئی شستہ و رفتہ سبکو مرغوب روز مرہ کے محاورے بہت اچھے نہایت خوب۔ فقرے چست و لفظین درست۔ اشعار سلیس فصاحت آمیز معانی لطیف و بلاغت انگیز۔ اگر اس فن مین فہم کامل حاصل ہو ویا چشم حق بین دیدۂ نور آگین سے دیوان مبارک کو دیکھا جاے تو معلوم ہوگا کہ کوئے قصیدہ یا کوئے غزل از مطلع تا مقطع

بمذاق حقانی و عشقِ رسول صمدانی خالی نہ ہوگا ہر ہر مصرعہ ہزاران ہزار
صنعتونکا گواہ ہے مضامین جذب شوق ہر ہر شعر وصل وصال محبوب کے
بارے مین عشاق کے لئے خضر راہ ہے مگر سچ تو یہہ ہے کہ وہ کونسا نخلبند ہے جو اس گلدستہ بینظیر
مقبول برنا و پیر کا محرمِ راز نہین وہ کونسا عندلیب ہے جو اس گلشن خوبی کے
ہوای شوق مین مایل پرواز نہین واقعی یہہ گلدستہ عجیب دلچسپ غمزدونکو
سرمایۂ بہجت و نشاط اور اندوہگین خاطرون کے لئے پیرایۂ مسرت و انبساط ہے حدیقہ پیرایان
بہار معانی و نغمہ سرایان گلزار نکتہ دانی پر مخفی و محتجب نہین ہے کہ یہہ خاکسار ذرہ بیمقدار وسیلۂ توقیر
و نجات اس تحریر اور مفتاح باب حسنات اس پریشان تقریر کو جا بکرشمۂ از شمایل و ذرۂ
از خورشید خصایل رقم زیب قلم کیا ہے حق سبحانہ جل شانہ مصنف و ناظرین و مہتمم و
احقر العباد کاتبین کو عشق محمدی علیہ الصلوات والتسلیمات بدرجۂ غایت ترقی دیکر خاتمہ بالخیر کرے

قطعہ تاریخ طبع دیوان حضرت صوفیہ صنعت مدظلہ

طبع شد چون ز حضرت موزون — نسخہ پر لغت احمد مختار
بہر ہدایت سنش ز روی سحر — گفت ہاتف عجیب باغ و بہار
۱۳۰۲

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار
لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی
صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائے گا۔